انٹر (پارٹ-II) لاہور بورڈ 2012ء

اردو (لازمی) پرچہ II (معروضی طرز)

وقت: 20 منٹ (دوسرا گروپ) کل نمبر: 20

نوٹ: اپنا رول نمبر اور سوالوں کے جوابات اسی پرچہ پر دی گئی ہدایات کے مطابق لکھیے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہوگا۔ یہ حصہ لازماً جوابی کاپی کے ساتھ نتھی کیا جائے۔

1- (الف) درج ذیل کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 5

(i) مولانا ظفر علی خاں شعر یا نظم کہنے میں عموماً کتنا وقت صرف کرتے تھے؟

(ii) سرسید نے کس رسالے کا اجرا کیا؟

(iii) ابتدائی مسلمان حکمرانوں نے پیغام رسانی کے لئے کون سا جداگانہ محکمہ قائم کیا تھا؟

(iv) زمانے کے پیراہن پر گناہ کا داغ لگنے سے پہلے لوگ کس طرح کی زندگی بسر کرتے تھے؟

(v) عمر بن عبدالعزیزؒ کے غلام کا نام لکھیے۔

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درج ذیل جملوں کو درست کیجیے: 5

	درست جملے
(i) لیکن نافرمان ہے اگرچہ میرا بیٹا ہے۔	----------
(ii) جھوٹ سے کم ہمتی اور بزدلی پیدا ہوتے ہیں۔	----------
(iii) کیونکہ اس نے محنت کی تھی وہ کامیاب ہو گیا۔	----------
(iv) اکرم، اسلم اور نبیل کوئی بھی لاہور نہیں گئے۔	----------
(v) راوی لاہور میں بہتی ہے۔	----------

(ج) واوین کی تعریف کیجیے۔ علامت کی نشاندہی کیجیے اور دو مثالیں بھی تحریر کریں۔ 2,1,2

(د) مندرجہ ذیل مصادر کو بطور امدادی افعال اپنے جملوں میں استعمال کیجیے: 5

جملے

(i) چاہنا: ----------

(ii) لینا: ----------

(iii) اٹھنا: ----------

(iv) سکنا: ----------

(v) جانا: ----------

www.sayZLearn.com

انٹر (پارٹ-II) لاہور بورڈ 2012ء

اردو (لازمی) پرچہ II (انشائیہ طرز)

وقت: 2.40 گھنٹے (دوسرا گروپ) کل نمبر: 80

(حصہ اول)

2- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 1,1,8

ہر اک ذرہ فضا کا داستان اس کی سناتا ہے
ہر اک جھونکا ہوا کا آ کے دیتا ہے پیام اس کا
سراپا معصیت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے
خطا کوشی روش میری، خطا پوشی ہے کام اس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 1,3,3,3

دنیا میں جب تلک کہ میں اندوہ گیں رہا — غم دل سے اور دل سے میرے غم، قریں رہا
رونے سے کام بس کہ شب اے ہم نشیں رہا — آنکھوں پہ کھینچتا میں، سر آستیں رہا
نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ — جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا

(حصہ دوم)

3- سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 1,1,3,10

(الف) نواب صاحب کو مطالعے کا بہت شوق تھا۔ اخبارات اور اردو، فارسی، عربی کتابیں برابر پڑھتے رہتے تھے۔ انگریزی کے اخبارات اور مضامین بھی پڑھوا کر سنتے تھے۔ انگریزی کی ایسی کتابیں جو ان کے مذاق کی ہوتی تھیں، ان کا ترجمہ کرا کر پڑھتے اور بحث کرتے تھے۔ ان کے کتب خانے میں فارسی، عربی اور انگریزی کی اعلیٰ درجے کی کتابیں تھیں۔

(ب) غرض عالم میں ایسا تہلکہ پڑا کہ اگر ملک فراغ کے انتظام میں نئی اصلاح نہ کی جاتی تو یک قلم برباد ہو جاتا۔ سب دکھ تو سہ سکتے تھے مگر قحط کی مصیبت غضب تھی۔ چونکہ یہ ساری نحوستیں، احتیاج اور افلاس کی نحوست سے نصیب ہوئی تھیں، اس لیے سب اپنے کیے پر پچھتائے۔ عالم کا رنگ بے رنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ کار دنیا سے کنارہ کش ہو گئے تھے۔

4- درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: 1,9

(الف) نواب محسن الملک۔ (ب) ہوائی۔

5- نظم ''اسلامی مساوات'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: 20

(الف) ادب اور زندگی۔ (ب) جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی۔
(ج) موسم بہار۔

7- کسی روزنامے کے مدیر کو خط لکھ کر اسے شہر میں ٹریفک کے مسائل سے آگاہ کیجیے۔ 10

www.sayzlearn.com